Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۳ جنوری ۱۹۳۷ء جلد ۲۹

حصہ اول

احکام جلایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	تقرر مسٹر احسان محمد خاں عہدہ ڈپٹی سکریٹری (فائنانس ڈپارٹمنٹ)	۲ و ۳	۳	ترمیم تاریخ سالگرہ ہر ہائینس علیا حضرت نواب رفعت زمانی بیگم صاحبہ دامت اقبالہا	۳
۲	انتظام کار سلسلہ رخصت منشی وجیہ اللہ خاں صاحب ناظم	۳			

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری اضافہ گریڈ سید نبی شاہ ٹیچر ہائی اسکول رامپور	۴
۲	تقرر جدید یک کس نجار بمدرسہ مقبرہ	//

مطبوعہ اسٹیٹ پریس

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۲۲ر جنوری ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ فائنانس ڈیپارٹمنٹ میں ایک عارضی آسامی ڈپٹی سکریٹری کی بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار اگر منظور کیجاتی ہے مسٹر احسان محمد خاں کا تقرر اس جگہ پر برائے یک سال منظور کیا جاتا ہے۔ بکو خدمات برائے کارروائی اجرائے احکام عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جز عرض   میرسانند

جناب عالی

بکمال ادب عرض ہے کہ قبل ازیں بحکم اجلاس ہمایوں نمبر ۳ مورخہ ۳۰ر اکتوبر ۱۹۳۵ء مسٹر احسان محمد خاں کو عہدہ فائنانس سکریٹری کی ٹریننگ دلائے جانے کی منظوری صادر ہوئی تھی جسمیں صراحت تھی کہ اٹھارہ ماہ ٹریننگ میں صرف ہونگے۔ زمانہ ٹریننگ میں ایکسو روپیہ ماہوار الاونس دیا جائے گا۔ اور ٹریننگ کے بعد تین ماہ دفتر میں کام سیکھینگے۔ اس دوران میں دو سو روپیہ ماہوار الاونس دیا جائیگا اور عہدہ کا اہل ثابت ہونے پر اُن کو عہدہ فائنانس سکریٹری بمشاہرہ تین سو روپیہ مقرر کیا جائے گا۔ پندرہ روپیہ سالانہ اضافہ ہوگا۔ اور انتہائی تنخواہ اس عہدہ کی پانچسو پچیس روپیہ ہوگی۔ اب عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے بحوالہ تحریر اکاونٹنٹ جنرل یو پی تحریر کیا ہے کہ مسٹر احسان محمد خاں نے ڈپارٹمنٹل امتحان دیدیا ہے جسمیں وہ غالباً کامیاب ہو جائینگے اسلئے اکاونٹنٹ جنرل یو پی کے دفتر میں اب چنداں ٹریننگ کی ضرورت نہیں ہے اس سے بہتر ہے کہ وہ ریاست میں کام کرکے عملی تجربہ حاصل کریں۔ نیز تجویز کی ہے کہ فی الحال ایک عارضی جگہ ڈپٹی سکریٹری کی فائنانس ڈیپارٹمنٹ میں بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار منظور ہو کر اس آسامی پر مسٹر احسان محمد خاں کا تقرر تاریخ حکم منظوری سے فرمادیا جائے۔ ترقیوا دکو عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز سے اتفاق ہے۔ اور عرض پرداز ہے کہ اگر ایک سال کے تجربہ کے بعد وہ اس عہدہ کے اہل ثابت ہوئے تو اون کو عہدہ فائنانس سکریٹری مقرر کیا جانا مناسب ہو۔ چونکہ لہٰذا بذریعہ عرضداشت بغرض ملاحظہ و صدور حکم حضور عالی میں پیش ہے۔ ترقیوا دستدعی ہے کہ بنگاہ ہمایوں سے حکم منظوری آسامی ڈپٹی سکریٹری بصیغہ فائنانس و تقرر مسٹر احسان محمد خاں بر دو سو روپیہ برائے یکسال شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقیوا دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۲ر جنوری ۱۹۳۶ء

حسب منشاء حکم ہمایوں مشتہرہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۹ر جنوری ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:-   واقع ۱۸ر جنوری ۱۹۳۷ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ ایام رخصت منشی محمد وجیہ اللہ خاں صاحب ناظم میں انتظام مصرحہ عرضداشت ہذا کی منظوری دیجاتی ہے۔ ملاحظہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض   می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے ایام رخصت منشی محمد وجیہ اللہ خاں صاحب ناظم میں کام کا انتظام بصراحت ذیل تجویز کیا ہے۔

۱۔ منشی محمد وجیہ اللہ خاں صاحب ناظم کے ایام رخصت میں منشی سید ناصر حسین صاحب اڈیشنل ناظم کو بطور ناظم مقرر فرمایا جائے لیکن وہ بدستور تعلقات شمالی کے انچارج رہیں گے۔

۲۔ منشی یوسف علی خاں تحصیلدار شاہ آباد بعہدہ اڈیشنل ناظم کام کریں لیکن انچارج تعلقات جنوبی رہیں۔ اور ۲۰ر جنوری ۱۹۳۷ء کو دوپہر کے بعد منشی وجیہ اللہ خاں صاحب سے چارج لے لیں۔

۳۔ منشی مسعود علی خاں تحصیلدار ٹانڈہ کو تحصیلداری شاہ آباد پر تبدیل فرمایا جائے۔ وہ ۱۸ر جنوری ۱۹۳۷ء کو منشی یوسف علیخاں سے چارج لے لیں۔

۴۔ منشی محبوب خاں نائب تحصیلدار ملک کو تحصیلدار ٹانڈہ مقرر فرمایا جائے۔ وہ ۱۸ر جنوری ۱۹۳۷ء کو منشی مسعود علی خاں سے چارج لے لیں۔

کونسل نے اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۱۰ر جنوری ۱۹۳۷ء میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہٰذا زر تعداد بحالی در بست مستدعی ہے کہ تجویز بالا و مایوں سے حکم منظوری انتظام بحروف مرتبت فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال بجا و برقرار باد

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر
معروضہ ۱۸ر جنوری ۱۹۳۷ء

سررشتہ صدر سے فی الفور احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۱ر جنوری ۱۹۳۷ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-   واقع ۱۹ر جنوری ۱۹۳۷ء

سالگرہ ہز ہائنس نواب رفعت زمانی بیگم صاحبہ کی آئینی تاریخ ۲۵ر فروری مقرر ہوئی ہے۔ امسال بجائے ۲۵ر فروری کے ۹ر مارچ ۱۹۳۷ء مقرر کیجاتی ہے۔ اسی تاریخ تعطیل ہوگی آئندہ وہی تاریخ ۲۵ر فروری رہیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم